مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

دارالعلوم کی زیرِ تعمیر مسجد شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ پر کام تیزی سے جاری:

دارالعلوم کی زیرِ تعمیر مسجد شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ پر کام کافی تیزی سے جاری ہے۔ الحمدللہ کھدائی کا کام مکمل ہوگیا ہے اور فائنل نقشوں کے مکمل ہونے کے بعد بنیادوں پر کام زوروشور سے جاری ہے۔ ۱۶۔اکتوبر۲۰۱۴ء بروز جمعرات بعد از زوال سیمنٹ، بجری کا کام شروع ہوگیا۔ اس موقع پر حضرت مہتمم صاحب شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ، نائب مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور دارالعلوم مجذوب بزرگ حضرت مولانا خیرالبشر صاحب مدظلہ، الحاج مولانا اظہار الحق صاحب، مولانا راشد الحق صاحب اور دیگر اساتذہ اور طلباء نے اس میں شرکت کی۔ بنیادوں میں آب زمزم اور مدینہ منورہ کی وادی کی خاکِ شفاء، جبل احد کے پتھر، غارِ حرا اور غارِ ثور کے پتھر بطور تبرک وسعادت کے بنیادوں میں اکابرین ومشائخ نے رکھے۔ دارالعلوم کے استاد الحدیث حضرت مفتی سیف اللہ صاحب کے پوتے اور مولانا مفتی ظہور صاحب کے پانچ سالہ صاحبزادے محمد ثانی کے ذریعے اینٹ رکھی گئی۔ بعد میں مہتممین حضرات اور مفتی سیف اللہ صاحب مدظلہ اور مولانا خیرالبشر صاحب مدظلہ نے بھی مصالحہ بنیادوں میں ڈالا اور یوں طویل انتظار وانتظامات اور بار بار کے نقشوں کی تبدیلی کے بعد الحمدللہ مسجد کی تعمیر کا کام زور وشور سے جاری ہوگیا ہے۔ قارئین الحق اور فضلائے حقانیہ سے اس کے لئے اسباب مہیا کرنے اور جلد تکمیل کی دعا کی جاتی ہے۔

مہمانوں کی دارالعلوم آمد:

۲۶ستمبر۲۰۱۴ء کو سابق نائب صدر، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد اور اقبال ادارہ برائے تحقیق ومکالمہ کے سربراہ جناب ڈاکٹر ممتاز احمد دارالعلوم وفد کے ہمراہ تشریف لائے۔ وفد میں پروفیسر ڈاکٹر طالب حسین سیال، اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد اسماعیل، جناب علی طارق، ڈاکٹر محمد اعظم، ڈاکٹر عبدالسلام وغیرہ شامل تھے۔ انہوں نے حضرت مہتمم صاحب کے سفرحج پر ہونے کی وجہ سے راقم سمیت مدیرالحق اور بھانجے عمار شفیق کے والد مرحوم شفیق الدین فاروقی کی تعزیت اور دعائے مغفرت کی۔